© rasailojaraid.com

ہے۔مرتب نے اس سے قبل بھی خطبات دین پوری کے نام سے مولانا عبدالشکور دینپوریؒ کے خطبات قارئین کو پیش کئے ہیں۔تاہم زیرنظر خطبات کسی ایک عالم دین کے بجائے مختلف علماء کرام کے خطبات کا گلدستہ ہے'

ع ہر گلے را رنگ وبوئے دیگرے ...... کتاب میں خطبات کا حظِ وافر سیرۃ النبی ﷺ کے موضوع پر ہے' قاری محمد حنیف ملتانیؒ کے خطبات میں کہیں کہیں پنجابی زبان دیکھنے میں آئی' کتاب کا اجمالی خاکہ موضوع اور خطیب کے اعتبار سے کچھ یوں بنتا ہے۔ حجیت حدیث: (شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم) حدود وتعزیرات: (شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمودؒ) عورت کا مقام اور دینی مدارس: (خطیب اسلام حضرت مولانا اجمل خانؒ) درود شریف اور قرآنی اعجاز: (خطیب اسلام حضرت مولانا اجمل خانؒ) سیرۃ النبی ﷺ کے موضوع پر دو خطبات: (حضرت مولانا محمد حنیف ملتانیؒ) لوگوں کی اللہ والوں کی طرف رجوع محبت الٰہی کی نشانی: (مناظرِ اسلام حضرت مولانا محمد امین صفدرؒ) سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر تین خطبات: (حضرت مولانا عبدالکریم ندیم صاحب) انسانی حقوق کا مغربی تصور سیرت طیبہ کی روشنی میں: (حضرت مولانا زاہدالراشدی صاحب) علوم ومعارف پر مشتمل یہ گرانقدر مجموعہ اہل علم خطباء ائمہ' مساجد' مقررین ومبلغین اور عوام سب کیلئے علم وحکمت کا عظیم سرمایہ ہے۔ (عرفان الحق حقانی)

---

ماہنامہ : ''بیداری'' مدیر: محمد موسیٰ بھٹو سالانہ چندہ: -/۱۵۰ روپے

زیراہتمام: سندھ نیشنل اکیڈمی ٹرسٹ' ۴۰۰ بی لطیف آباد ۴' حیدرآباد

ماہنامہ ''بیداری'' اردو جادہ حق کا نیا ہمراہی ہے جو کہ اس مادہ پرست دور میں علمی دینی اصلاحی اور تحقیقی مضامین سے اندھیروں میں اجالا کرنے کا عزم لیکر جاری کیا گیا ہے۔ابتک بیداری کے تین پرچے آچکے ہیں' تینوں کے مضامین تحقیقی اور جاندار۔بیداری کا سندھی ایڈیشن گزشتہ گیارہ سال سے محمد موسیٰ بھٹو کے زیرادارت نکل رہا ہے' محمد موسیٰ بھٹو علمی ادبی اور تحقیقی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔انکی کئی درجن تحقیقی وتنقیدی کتابیں قارئین سے داد وصول کرچکی ہیں۔''بیداری'' کے مدیر بیداری کا تعارف یوں کراتے ہیں''بیداری امت میں شعور پیدا کرنے' معاشرہ میں اخلاقی تحریک کو فروغ دینے' فکری اور نظریاتی مسائل میں رہنمائی کرنے اہل وطن میں خوداعتمادی اور حوصلہ پیدا کرنے اور باطل کی عالمی قوتوں کی سازشوں کو بہتر طور پر بے نقاب کرنے اور اسلام کی صحیح نصب العینی فکر پیش کرنے جیسے اہداف کیساتھ شروع کیا گیا ہے۔

ہماری دلی دعا ہے کہ بیداری اسم بامسمیٰ بن کر امت میں بیداری کا موثر ذریعہ بنے۔امین (عرفان الحق حقانی)

---

© rasailojaraid.com